© rasailojaraid.com



# دار بنی ہاشم

## قطعۂ تاریخ وصنعت توشیخ کے آئینے میں

محترم عبدالکریم صابر ——— ڈیرہ اسماعیل خاں

د ۔ دلکش بھی ہے اک مرکز انوار بنی ہاشم ہر اک ہے سدا طالب دیدار بنی ہاشم

ا ۔ آتا ہے جو پاتا ہے فیوضات نرالے اک منبع الطاف ہے دربار بنی ہاشم

ر ۔ راضی برضا دیکھا ہے ہر حال میں ان کو ہیں حُسن توکل کے خریدار بنی ہاشم

ب ۔ بیشک ہیں یہ حق گو بھی مدبر بھی متفکر فاضل ہیں یہ سب صاحب کردار بنی ہاشم

ن ۔ ناموس صحابہؓ کے تحفظ میں دفاع میں ہر دم ہی رہے برسرِ پیکار بنی ہاشم

ی ۔ یہ ختم نبوتؐ کے نقیب ہیں وہ انوکھے ہر حال نظر آئے ضیا بار بنی ہاشم

ہ ۔ ہر شخص یہ کہتا ہے کہ ہیں مخلص اعظم معروف ہیں ابرار بھی اخیار بنی ہاشم

ا ۔ اِک نعمتِ عظمیٰ بھی ہیں فاضل ہیں مقرر لاریب ہیں یہ وارثِ احرار بنی ہاشم

ش ۔ شمشیر برہنہ ہیں باطل کے سروں پر اللہ رے سیف اللہ الجبار بنی ہاشم

م ۔ مرزا کے ہر اِک کذب کے جھٹلانے کو صابر
اِک موجب مخزن ہے یہ دار بنی ہاشم

---

دار بنی ہاشم ——— ۱۴۱۲ھ

اصنعت توشیخ

© rasailojaraid.com